# FIRST TERMINAL EVALUATION 2023 - 24

| | | |
|---|---|---|
| STD<br>IX | **First Language Part 1**<br>**URDU** | Time : 1 1/2 Hour<br>Score : 40 |


**Model Answers Prepared by :**
**FAISAL VAFA, HST URDU, GHSS CHALISSERY, PALAKKAD**
**9846907761, faisalvafa@gmail.com**


1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب لکھیے ۔ 3x1=3

1. گلشن میں رنگ تیرا ہر گل میں تیری بو ہے ہر سمت تیرا جلوہ ہر شے میں تو ہی تو ہے
بچّو، یہ کس نظم کا شعر ہے؟ (مٹی کا دیا، مٹی میں جان آ گئی، دل کی آنکھیں) 1

☆ دل کی آنکھیں

2. آسمان پر کالی گھٹائیں چھانے لگیں تو جاوید میاں کا دل باغ باغ ہو گیا۔
بچّو، اس جملے میں 'باغ باغ ہونا' کا مطلب کیا ہے؟ (بہت خوش ہونا، بہت غصّہ ہونا، بہت دکھ ہونا) 1

☆ بہت خوش ہونا

3. ''خدا سے دعا کیجیے کہ اپنا کھانا شریفانہ رہے۔ جھوٹ، چوری اور رشوت سے پاک رہے۔''
یہ کس کا قول ہے؟ (بھگوان داس، بھاگمتی، ساوتری) 1

☆ بھاگمتی

4. گروہ سے نامناسب لفظ چن کر لکھیے ۔ (نظم، افسانہ، کہانی) 1

☆ نظم

5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب لکھیے ۔ 3x2=6

5. خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملائیے۔ 2

☆

| ب | الف |
|---|---|
| نازاں جمشید پوری | دل کی آنکھیں |
| فرحت اللہ بیگ | امتحان |
| اسماعیل میرٹھی | مٹی میں جان آ گئی |
| مولانا الطاف حسین حالی | مٹی کا دیا |

6. شعر غور سے پڑھیے اور مناسب شاعر کا نام جوڑ کر لکھیے۔ 2

(اسماعیل میرٹھی، نازاں جمشید پوری، مولانا الطاف حسین حالی)

| | | |
|---|---|---|
| ☆ | یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے<br>روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا | مولانا الطاف حسین حالی |
| ☆ | گھٹا کے جو آنے کی آہٹ ہوئی<br>تو بے جان مٹی میں جان آ گئی | اسماعیل میرٹھی |

7. مناسب کردار کا نام چن کر خانہ بھریے۔ (بھاگمتی، شیام، جاوید میاں) 2

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | بوندوں کی جھجھماہٹ | بیانیہ | جاوید میاں |
| ☆ | اسکاٹ لینڈ کا راجا | کہانی | شیام |

8. نیچے چند نام دیے ہیں۔ ان میں سے شاعروں کے نام چن کر لکھیے۔ 2

(نازاں جمشید پوری، فرحت اللہ بیگ، پریم چند، علّامہ اقبال)

☆ نازاں جمشید پوری، علّامہ اقبال

9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی 5 کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ 5x3=15

9. کہانی 'امتحان' آپ نے پڑھی ہے نا؟ رضیہ اس کہانی کا ایک کردار ہے۔

a) کہانی 'امتحان' کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔ 3

b) پسندیدہ ایک کردار پر نوٹ لکھیے۔

☆ a) لڑکا (فرحت اللہ بیگ) اور نگراں کار صاحب۔

b) کہانی 'امتحان' میں میرا پسندیدہ کردار نگراں کار صاحب ہے۔

وہ دوسروں کی مدد کرنے پر تیار رہے۔

انہوں نے امتحان کے کمرے میں فرحت اللہ بیگ کی مدد کی۔

امتحان کا نتیجہ نہ دیکھ کر پریشان ہوئے فرحت اللہ کے سامنے وہ فرشتۂ رحمت بن کر آ گیا تھا۔

10. جملے غور سے پڑھیے اور ان کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

a) آدمی وہی ہے جو آدمی کے کام آئے۔

b) صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔

☆ a) ''آدمی وہی ہے جو آدمی کے کام آئے'' یہ جملہ بہت اچھی بات کا حامل ہے۔

اس کا مطلب ہے کہ ہر ایک آدمی دوسروں کی مدد کرے اور دوسروں کے کام آئے۔

یعنی آدمی ایک سماجی حیوان ہے۔

b) ''صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے'' یہ بالکل صحیح ہے۔

صبر کرنا بہت اچھا مزاج ہوتا ہے۔

صبر کرنے سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا ہے۔

حضرت محمد صلعم کا فرمانِ شریف ہے کہ ''صبر کرنا ایمان کا حصّہ ہے۔''

11. ؎ دنیائے رنگ و بو سے مجھ کو غرض ہی کیا ہے تیری ہی جستجو ہے تیری ہی آرزو ہے

a) اس شعر کا شاعر کون ہے؟

b) 'دنیائے رنگ و بوُ' سے شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟ 3

☆ a) نازاں جمشید پوری

b) 'دنیائے رنگ و بوُ' ایک بیان ہے۔

شاعر کا مراد ہے کہ دنیا بہت ساری سہولیات اور نظاروں والی ہے۔

یعنی دنیا عیش و عشرت سے بھری ہوئی ہے۔

12. بھگوان داس صبح سویرے مچھلی پکڑنے گیا۔ لیکن آج اس کو ایک بھی مچھلی نہ ملی۔ تھکے ہارے وہ گھر واپس آیا۔ اور سوچنے لگا۔ ''اے خدا، میں کیا کروں.....؟''

اس وقت بھگوان داس کے دل میں اور کیا کیا خیالات اُبھر آئے ہوں گے؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

☆ اے خدا، میں کیا کروں؟

میری امّی کے لیے دوا کیسے خریدوں؟

میری بیٹی ساوتری کے امتحان کی فیس کیسے ادا کروں؟

آنے والی دیوالی کیسے مناؤں؟

13. پرانے زمانے میں ہم تالاب اور ندی نالوں میں تیرتے اور نہاتے تھے۔ پانی کی وہ صاف اور شفاف لہریں، آج بھی مجھے یاد آ رہی ہے۔ جاوید میاں اپنے گاؤں کے بارے میں یاد کر رہا ہے۔

بچّو، آپ بھی اپنے گاؤں یا شہر کے بارے میں ایک نوٹ تیار کیجیے۔ 3

☆ میرا گاؤں بہت اچھا ہے۔ میرے گاؤں میں ہرے بھرے کھیت اور باغ ہیں۔ میرے گاؤں کے اکثر لوگ کسان ہیں۔ میرے گاؤں کے ندی نالوں میں لوگ تیرتے اور نہاتے ہیں۔ میرے گاؤں میں ناریل اور چھالیا کے باغ بہت زیادہ ہیں۔ میرا گاؤں بہت خوب صورت ہے۔

14. ؎ زمین سبزے سے لہلہانے لگی کسانوں کی محنت ٹھکانے لگی
جڑی بوٹیاں پیڑ آئے نکل عجب بیل پتّے عجب پھول پھل

اس شعر میں شاعر پہلی بارش میں زمین پر آنے والی تبدیلیاں بیان کرتا ہے۔ وہ کیا کیا ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

☆ پہلی بارش سے زمین پر ہریالی نظر آ رہی ہے۔ اس کے ذریعہ کسانوں کی محنت کا پھل ملنے والا ہے۔ زمین پر بارش پڑی تو جڑی بوٹیاں اور پیڑ پودے نکل آتے ہیں۔ ان پر نکلنے والے بیل، پتّے اور پھول پھل عجیب ہوتے ہیں۔

15. ؎ یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا

a) اس کا شاعر کون ہے؟

b) اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ 'مٹی کا دیا' محلوں کے جھاڑوں اور فانوس سے بہتر ہے۔ کیوں؟ 3

☆ a) مولانا الطاف حسین حالی

b) 'مٹی کا دیا' انسانی خدمت پر لکھی گئی ایک نظم ہے۔ شاعر اس شعر میں کہنا چاہتے ہیں کہ راہ کے کنارے پر بوڑھی سے جلایا گیا مٹی کا دیا محلوں کے جھاڑوں اور فانوس سے زیادہ بہتر ہے۔ کیوں کہ جھاڑوں اور فانوس کی روشنی سے راہ سے گذرنے والوں کو کام نہیں آتا ہے۔

16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی 4 کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ 4x4=16

16. ہندوستان میں دیوالی جیسے مختلف تہوار منائے جاتے ہیں۔ تہوار ہماری تہذیب کی نشانی ہے۔

a) بچّو، چار تہواروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک تہوار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔ 4

☆ a) اونم، عید، کرسمس، ہولی۔

b) اونم کیرالا کا قومی تہوار ہے۔ راجا مہابلی کی یاد میں اونم منایا جاتا ہے۔ اونم کے موقع پر گھروں کے آنگن میں لوگ پوکلم بناتے ہیں۔ اونم کے دن لوگ اونم سدیا کھاتے ہیں اور نئے نئے کپڑے پہنتے ہیں۔

17. لا کلاس کا امتحان پاس ہو کر لڑکا خوشی خوشی گھر واپس آیا۔ بھائی جان کو دیکھ کر اس کی بہن رضیہ نے پوچھا...

رضیہ : کہو بھائی جان، پاس ہو گئے؟

بھائی جان : ...............................

بچّو، بھائی جان اور رضیہ کی گفتگو تیار کیجیے۔ 4

☆ رضیہ : کہو بھائی جان، پاس ہو گئے؟

بھائی جان : جی بہنا۔ میں پاس ہو گیا ہوں۔

رضیہ : آپ کو کتنے مارک ملے ہیں؟

بھائی جان : میں سب سے اوّل ہوں بہنا۔

رضیہ : میرے لیے گڑیا اور کھلونے کہاں ہیں بھائی جان؟

بھائی جان : مجھے جلد ہی کام ملے گا۔ اس کے بعد پیسہ بھی۔ پیسہ ملتے ہی ضرور لاؤں گا۔

رضیہ : میں بہت خوش ہوں بھائی جان۔

بھائی جان : جی بہنا، اب سے ہم سب خوش رہیں گے۔

رضیہ : ٹھیک ہے بھائی جان۔

18. آج کل ندی نالوں کا پانی گندا ہو رہا ہے۔ ندی نالوں کی حفاظت کے لیے ایک جلوس نکلنے والا ہے۔

بچّو، جلوس کے لیے دو نعرے تیار کیجیے۔ جیسے : پانی انمول نعمت ہے۔ 4

☆ پانی گندا مت کرنا!

پانی کے بغیر زندہ رہنا ناممکن!

19. اشاروں کی مدد سے شاعر اسماعیل میرٹھی کے بارے میں سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

اسماعیل میرٹھی

| | | |
|---|---|---|
| نام | : | اسماعیل میرٹھی |
| پیدائش | : | ۱۸۴۴ء کو میرٹھ میں |
| والد کا نام | : | شیخ پیر بخش |
| شہرت | : | بچّوں کا شاعر |
| وفات | : | ۱۹۱۷ء کو |

☆ اسماعیل میرٹھی اردو کا مشہور شاعر تھا۔

وہ بچّوں کا شاعر تھا۔

ان کی پیدائش ۱۸۴۴ءکو میرٹھ میں ہوئی۔

ان کے والد کا نام شیخ پیر بخش تھا۔

ان کی وفات ۱۹۱۷ءکو ہوئی۔

20. عبارت غور سے پڑھیے اور اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔ 4

میری عمر کوئی سترہ سال کی تھی۔ انٹرنس کا امتحان پاس کر لیا تھا۔ یکا یک والد کا انتقال ہو گیا۔ گھر میں میری والدہ صاحبہ تھیں، میں اور میری چھوٹی بہن رضیہ۔ اس کی عمر پانچ سال کی تھی۔ والدہ کے پاس سلائی کا کچھ کپڑا آ جاتا۔ اس سے تھوڑا بہت اور جو زیور رہا تھا، اس کو بیچ کر گذارا کرتے۔

(اشارے : کون، کیا، کیسے، کتنی، کب)

☆ لڑکے کے گھر میں کون کون تھیں؟

لڑکے کے والد کا انتقال کب ہو گیا؟

رضیہ کی عمر کتنی تھی؟

لڑکے اور گھر والے کیسے زندگی گذارا کرتے تھے؟

21. جاوید میاں کا بیٹا نیوزیلینڈ میں کام کرتا ہے۔

جاوید میاں اپنے گاؤں کی حالت بتاتے ہوئے بیٹے شکیل کے نام ایک خط لکھنا چاہتا ہے۔

بچّو، شکیل کے نام ابّا جان کا خط تیار کیجیے۔ 4

☆ امانت نگر

۲۳/اگست ۲۰۲۳ء

پیارے بیٹے شکیل، آداب عرض ہے!

میری امید ہے کہ تم وہاں خیر و عافیت سے ہوں گے۔ ہم یہاں بہت خوش رہتے ہیں۔ مگر آج کل ہمارے گاؤں کے حالات بہت خراب ہیں۔ کیوں کہ بارش نہیں ہوتی ہے۔ گرمی بڑھتی جا رہی ہے۔ اس لیے پانی کی قلّت اور قحط پڑ جاتا ہے۔ ان مسائل پر تم جیسے سائنس دانوں کے ہاں کوئی حل ہے کیا؟ تم کب گھر واپس آتے ہو؟ تمہارے جوابی خط کا منتظر ہوں بیٹا۔

بڑے پیار و محبت کے ساتھ

تمہارا ابّا جان

☆☆☆